37749 ـ علاجی بتی کے استعمال سے روزہ فاسد نہیں ہوتا

سوال

میں رمضان میں دن کے وقت تھکاوٹ اورسردرد محسوس کرتا ہوں بعض لوگوں نے مجھے علاج کے لیے بتیاں (جودبرکےراستے استعمال کی جاتی ہیں)استعمال کرنے کا کہا تا کہ سردرد کی حدت میں کمی پیدا ہوسکے ، توکیا یہ علاج روزہ توڑ فاسد کردیتا ہے ، مجھے مستفید کریں اللہ تعالی آپ کو استفادہ سے نوازے گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

دن میں روزے کی حالت میں علاج کی بتیاں استعمال کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ، اوراسی طرح اگر روزہ دار کوانیما کی ضرورت پیش آئے تو اس کی وجہ سے بھی اس کا روزہ خراب نہیں ہوگا ، کیونکہ اس کی دلیل نہیں ملتی کہ انیما کرنا روزہ توڑنے والی اشیاء میں شامل ہے ۔

کیونکہ نہ تویہ کھانے میں اور نہ ہی پینے میں شامل ہوتا ہے اورنہ ہی کھانے پینے کے معنی میں ہے ۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی نے الاختیارات میں کہا ہے :

سرمہ ڈالنے اورانیما کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔۔۔ بعض اہل علم کہ یہی کہنا ہے ۔ ا ھـ

دیکھیں : الاختیارات (6 / 381) ۔

اورشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی الشرح الممتع میں کہتے ہیں :

اس مسئلہ میں راجح قول شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی ہی کا قول ہے : یعنی انیما سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔

دیکھیں : الشرح الممتع (6 / 381) ۔

واللہ اعلم .